خالصہ	Khalissah	ع	خالص، سرکاری، زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو، سکھ سردار، سکھوں کی فوج
خالف	Khalif	ع	پیچھے آنے والے، خلاف کرنے والا
خاورہ	Khawera	ع	مشرقی یا مغربی
خاوری	Khawry	ف	مشرقی، مغربی، سورج سے منسوب
خاویہ	Khavia	ع	خالی پڑی ہوئی زمین
خاطبہ	Khatba	ع	باہم گفتگو کرنے والی، آپس میں بات چیت کرنے والی
خاطف	Khatif	ع	تڑپنے والی (بجلی) جھپٹ لینے والا
خاطی	Khati	ع	گناہ گار، خطا کار، پاپی، مجرم
خام	Kham	ف	ناپختہ، سبز، کمزور، ناتجربہ کار، فضول، خالص
خام ریش	Khamraish	ف	کم عقل، چھچھورا، مسخرا
خامہ	Khama	ف	قلم، کلک
خامہ فرسا	Khamafarsa	ف	لکھنے والا، کاتب، رائیٹر
خام کار	Khamkar	ا	نادان، کم عقل، ناآزمودہ
خامنا	Khamna	ہ	مہر لگانا، بند کرنا
خانم	Khanem	ف	امیرزادی، بیگم

خاثرہ	Khasra	ع	جماعت' گروہ' پارٹی
خازمہ	Khazma	ع	دو الگ راستے' دو متضاد راہیں
خاتون	Khatoon	ت	امیر زادی' ملکہ' بیگم' بی بی' مصر کے حکمران ملک الاشرف موسیٰ بن ملک عادل کی نیک سیرت بیٹی کا نام خاتون۔ اس کا دادا سلطان صلاح الدین ایوبی کا سگا بھائی تھا۔ اپنے وقت میں بہت شہرت رکھتی تھی۔ دمشق میں ایک شاندار مدرسہ بھی تعمیر کروایا تھا۔
خاتون عرب	Khatoon-e-Arab	ف	حضرت فاطمہ کا لقب
خاتون فلک	Khatoon-e-Falak	ف	آسمان کی شہزادی' چاند' زہرہ ناہید
خاتون جنت	Khatoon-e-Jannat	ا' ع	حضرت فاطمہؓ کا لقب' جنت کی شہزادی
خادمہ	Khadma	ع	ملازمہ' نوکر' خدمت گار' خدمت کرنے والی
خارا	Khara	ف	سخت پتھر' نیلا پتھر
خاراتراش	Kharatursh	ف	سنگ تراش' پتھر کاٹنے والا
خارا شگاف	Kharashagaf	ف	پتھر میں شگاف ڈالنے والا
خاراسنگ	Kharasang	ف	سیارہ پتھر' سنگ مرمر کی ایک قسم
خارکش	Kharkash	ف	لکڑ ہارا' مزدور' محنت کش
خارق	Kharique	ع	پھاڑنے والا' کرامت' جمع خوراق
خاشفہ	Khashfa	ع	تیز تلوار' تیز شمشیر
خاتم	Khatem	ع	انگوٹھی' مہر' اختتام' ختم' انجام کو پہنچانے والا

خاتم سلیمان	Khatem-ul-Suleman	ا ٔع	حضرت سلیمان علیہ السلام کی وہ انگوٹھی جس پر اسم اعظم لکھا ہوا تھا اور اس کی وجہ سے پوری مخلوق آپ کے تابع تھی
خاشعہ	Khashia	ع	انکساری کرنے والی' عاجزی کرنے والی
خائزہ	Khaiza	ع	دوستی کرنے والی' ساتھی
خائلہ	Khaila	ع	فخر میں مقابلہ کرنا
خادنہ	Khadna	ع	دوستی کرنا
خانخاناں	Khanakhanan	ف	امیروں کا امیر' سرداروں کا سردار' مغلیہ خاندان کا سردار' سپہ سالار کا لقب' اکبر بادشاہ کے اتالیق بیرم خان اور اس کے بیٹے عبدالرحیم کا لقب
خانزادہ	Khanzada	ف	سردار کا بیٹا' امیر کا بیٹا' مغل بادشاہ ظہیرالدین محمد بابر کی بڑی بہن کا نام خانزادہ بیگم۔ اس کا مزار کابل میں بابر بادشاہ کے مقبرے کے ساتھ ہے۔
خانسعہ	Khanisa	ع	عاجزی کرنے والی
خانزادی	Khanzadi	ف	سردار کی بیٹی' خان کی بیٹی' امیر کی بیٹی
خانون	Khanoon	ت	بی بی' ملکہ
خانہ بدوش	Khanabadosh	ف	آوارہ' بنجارہ' بے ٹھکانہ
خانی	Khani	ت	پوشیدہ' چھپا ہوا' خفیہ
خبرت	Khibret	ف	دانائی' سمجھ' شعور' دانشمندی' عقل
خبرہ	Khabra	ع	خبر رکھنے والی
خبط الابیض	Khabt-ul-Abeez	ع	صبح کی روشنی
خبیرہ	Khabira	ع	آگاہی رکھنے والی' خبر رکھنے والی
ختام	Khatam	ع	تمام' ختم

خجالا	Khejala	ا	بکواسی' زیادہ بولنے والا بے ہودہ
خجستہ	Khujsta	ف	فرخندہ' سعید' مسعود' مبارک' گل ہمیش' بہار' پاکستان کے سابق وزیراعظم اور تحریک پاکستان کے نامور رہنما حسین شہید سہروردی کی والدہ کا نام خجستہ اختر بانو جو کہ اپنے وقت کی مشہور ادیبہ تھیں۔
خجستہ پے	Khajastapay	ف	مبارک قدم والا
خجستگی	Khajastagi	ف	سعادت' مبارک پن
خجنہ	Khujanna	ف	مبارک' سعد
خدارت	Khadarat	ع	پردہ نشینی
خدارسیدہ	Khudarasida	ف	اللہ والا' اللہ کا پیارا' اللہ تعالیٰ تک پہنچا ہوا' نیک' پرہیزگار
خداساز	Khudasaz	ف	خدا کا بنایا ہوا
خداوند	Khudawand	ف	مالک' آقا مراد اللہ تعالیٰ
خداوند زادہ	Khudawand Zada	ف	صاحبزادہ' رئیس کا بیٹا' مالک کا فرزند
خداوند مجازی	Khudawand Majazi	ف	شوہر' بادشاہ' حاکم
خدائگاں	Khudaigan	ف	بڑا آدمی' بادشاہ
خدا آفرید	KhudaAfrid	ف	قدرتی' پیدائشی
خدنگ	Khadang	ف	چھوٹا تیر' ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔
خدیرہ	Khadeera	ع	نیکی کرنے والی
خدیجہ	Khadija	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مطہرہ کا نام۔ عورتوں میں سب سے پہلے آپ ہی نے اسلام قبول فرمایا۔
خدینہ	Khadeena	ع	دوست' رفیق حیات

خدیو	Khudyo	ف	بادشاہ بالعموم انیسویں صدی میں مصر کے بادشاہوں کا لقب
خذفہ	Khazfa	ع	جلد باز
خنان	Khanan	ع	آسودگی' خوشحالی' آرام' راحت' سکون
خنشا	Khunsha	ف	مبارک' سعید
خنداں	Khandan	ف	خوش مزاج' خوش طبع
خندہ رو	Khanda Roo	ف	شگفتہ چہرہ' مسکراہٹ والی شکل' ہنس مکھ
خندہ زن	Khanda Zan	ف	ہنسنے والا
خندہ گل	Khanda Gull	ف	شگفتہ چہرہ' مسکراہٹ والی شکل' ہنس مکھ
خندہ مینا	Khanda Meena	ف	وہ آواز جو شیشے کے گلاس سے شراب انڈیلتے وقت پیدا ہوتی ہے۔
خندہ	Khanda	ف	مسکراہٹ' خوش' شوخی' ہنستی ہوئی
خنساء	Khansa	ع	ہرنی' یمن کی رہنے والی پہلی صدی ہجری کی مشہور ولیہ کاملہ حضرت خنساء بنت خدامؓ۔ جو بڑی پاک باز اور عبادت گزار خاتون تھیں۔
خنشاء	Khansha	ف	مبارک' سعید
خنیا	Khanya	ف	گانا' نغمہ' راگ' ڈومنی' میراثن
خنیرہ	Khuneera	ف	مسکرانے والی
خرام	Khuraam	ف	نزاکت کی چال
خرسندہ	Khersinda	ف	آسودہ' راضی' قانع' خوشحال
خرسند	Khersend	ع	مطمئن' شادمان' خوشی' راضی' مسرور

خرسندی	Khursandi	ف	خوشی' شادمانی
خرت	Khirt	ع	ہوشیار ہونا' خبردار ہونا
خرقہ پوش	Kharqaposh	ف	صوفی' درویش' گھڑی اوڑھنے والا
خرمست	Khurmast	ف	نشہ' شباب میں مست' شہوت میں مست' بے وقوف
خرمن	Khurman	ف	کھلیان' چاند کا ہالہ' وہ روشنی کو سورج کے قریب نظر آئے
خرمی	Khurmi	ف	خوشی' فرصت' انبساط
خروس	Khroos	ف	مرغا
خروشاں	Kharoshan	ف	شور مچانے والا' روتا ہوا
خری	Kharee	ف	حماقت' بے وقوفی
خریطہ	Kharitah	ع	روپوں کی تھیلی
خرف	Khiraf	ع	بوڑھا کھوسٹ' بوڑھاپے کی وجہ سی بدحواس شخص' مہمل' بے ہودہ
خریف	Khareef	ا' ع	خزاں' ساونی وہ فصل جس میں جوار' مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے
خزادہ	Khazadah	ف	خواجہ زادہ کا مخفف' صاحبزادہ' سردار
خزانہ	Khazana	ع	دولت
خزران	Khizran	ت	بانس' نیزہ' نرم لکڑی' خلیفہ ہارون الرشید کی بیوی کا نام
خزینہ	Khazina	ف	دولت' خزانہ' مخزن
خسرو انجم	Khusro Anjum	ف	ستاروں کا بادشاہ یہ کے طور پر سورج
خسروی	Khusravi	ف	باشاہی' خسرو سے منسوب
خسیس	Khasees	ع	کمینہ' بخیل' کنجوس
خشاء	Khasha	ف	مبارک' سعد
خشار	Khashar	ع	آراستہ کی ہوئی' سجائی ہوئی

خشامہ	Khashama	ع	شیرنی
خشت پز	Khashtpaz	ف	اینٹیں پکانے والا
خشیت	Khashyat	اُع	ڈر' خوف
خصیم	Khasim	ف	جھگڑالو' لڑاکا' دشمن
خصال	Khassal	اُع	خصلت کی جمع' عادتیں
خفتان	Khaztan	اُع	ایک قسم کا کرتا جو زرہ کے نیچے پہنتے ہیں
خضرت	Khizret	ع	شادابی' ہریالی' سرسبزی
خضیب	Khazib	ع	رنگا ہوا' رنگین
خضراء	Khizra	ع	سرسبز' ہری گھاس' آسمان
خطابہ	Khitabah	ع	تقریر کرنے والی' خطاب کرنے والی
خطمی	Khatmi	ع	ایک درخت کا نام
خطیرہ	Khatira	ع	بزرگ' عظیم' بڑی
خطیبہ	Khatiba	ع	تقریر کرنے والی' مقررہ' وعظ کرنے والی
خطفہ	Khitfa	ع	آنکھوں کو خیرہ کرنے والی بجلی کی تیز چمک
خفتہ	Khufta	ف	سویا ہوا' خوابیدہ
خفسا	Khafsa	ع	ہرنی
خفیفہ	Khafifa	ع	چھوٹی
خلائق	Khalaique	اُع	خلق کی جمع' مخلوقات' آفرینش لوگ
خلت	Khulat	اُع	محبت' دوست' سبز خوراک
خلخال	Khalkhal	اُع	پازیب' پائل
خلیفہ	Khalifa	ع	جانشین
خلیقہ	Khaliqa	ع	ملنسار' خوش اخلاق' پیدا کی ہوئی مخلوق
خلیط	Khalit	ع	شریک' ساتھی' شامل

خلیلہ	Khaleela	ع	دوست
خلود	Khalud	ع	دوام' ہمیشگی' ابدی
خلعت	Khilt	ع	دوستی' محبت' دوست
خلق	Khalq	ع	طبیعت' خوش خوئی
خلوت	Khalwat	ف	تنہائی
خلد	Khuld	ع	دائمی' ابدی' جنت' بہشت
خمرا	Khamra	ف	چٹائی بنانے والا' مسلمان کمہار' ایک چھوٹا سا پرندہ
خمیدہ	Khamida	ف	جھکاؤ' ٹیڑھا
خمیلہ	Khameela	ع	کالی گھٹا
خمیس	Khamis	ع	جمعرات
خمسہ	Khamsa	ع	پانچ
خوانین	Khawaneen	ف	خان کی جمع' ماں جائی
خواہر	Khawaher	ف	ہمشیرہ' بہن
خونزہ	Khonza	ف	احمد نگر کے حکمران حسین نظام شاہ کی بیگم کا نام جو بڑی دانشمند' جرأت مند اور بہادر تھی۔ مشہور خاتون چاند بی بی' اسی خونزہ ہمایوں کی بیٹی تھی۔
خوش	Khush	ف	شاداب' ماضی
خوش اقبال	Khush Iqbal	ف	بختاور' خوش نصیب' اقبال مند
خوش الحان	Khush-ul-Han	ف	سریلا' اچھی آواز والا' خوش گلو
خوش بخت	KhushBakht	ف	اچھے مقدر والی' اچھی قسمت والی

خوش اختر	Khush Akhter	ف	اچھے مقدر والی، خوش بخت، خوش نصیب، خوش قسمت
خوشز	Khushiz	ف	انتہائی خوش
خوش گل	KhushGull	ف	حسین، خوبصورت
خوشتر	Khushter	ف	مسرور، نہایت خوش وخرم، شاداں
خوشدل	Khushdil	ف	شادمان، راضی، مسرور، بشاش، شاداب
خوشنودہ	Khushnooda	ف	پرمسرت، راضی، مسرور، خوش
خوشنودی	Khushnoodi	ف	رضامندی، خوشی
خوباں	Khuban	ف	خوبصورت، حسین، شکیلہ، حسن، خوبصورتی
خولہ	Khola	ع	خیال، تصور، دھیان، اہل، قابل، منتظم۔ حضور نبی کریم ﷺ کی خالہ کا نام۔
خور	Khor	ف	خورشید کا مخفف، سورج، مشرق، گرگٹ
خورسند	Khursand	ف	خوش، شادماں، شاد، آنند
خورشید	Khurshid	ف	آفتاب، سورج
خورشیدہ	Khurshida	ف	سورج، روشنی
خورشیدلقا	Khurshid Laqa	ف	خوبصورت، محبوب، حسین وجمیل محبوب
خویش	Khawish	ف	قریب کا رشتے کا، اپنا، خود، آپ، داماد
خیبرشکن	Khaibar shikan	ف	حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب خیبر کے فاتح ہونے کی وجہ سے یعنی خیبر توڑنے والا
خیاباں	Khiaban	ف	پھلواری، کیاری، باغ کے درمیان پگڈنڈی
خیال	Khial	ع	تصور، دھیان
خیامہ	Khiama	ع	خیمے والی

خیزت	Kheezat	ع	عقلمند
خیزش	Khaizish	ف	اٹھنا، کودنا
خیزران	Khizran	ت	بید بانس، نرم لکڑی، نیزہ، تیسرے عباسی خلیفہ مہدی کی فیاض اور رحم دل بیوی ملکہ خیزران جو خلیفہ ہارون الرشید کی والدہ تھی۔
خیراتی	Khairati	ف	خیرات سے منسوب، مفت کا
خیرالامم	Khar-ul-umam	ع	امت مسلمہ، بہترین امت
خیراندیش	Khairandash	ف	خیر خواہ، بھلائی چاہنے والا
خیرسلا	Kharsalla	ع	خیریت
خیرہ	Khaira	ع	شوخ چشم، چکا چوند ہونا، حیران و پریشان، متحیر، مشہور تابعی حضرت خواجہ حسن بصریؒ۔ آپ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی شاگرد تھیں۔
خیرالنساء	Khair-un-Nisa	ف	خواتین میں بہتر، مشہور عالم دین مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی والدہ کا نام سیدہ خیر النساء جو قرآن پاک کی حافظہ تھیں
خیر	Khair	ع	نیکی، اچھائی، بھلائی
خیط الابیض	Khaitul Abyz	ع	صبح کا اجالا، صبح کی روشنی
خیرو	Khiru	ف	زرد رنگ کا پھول

د

داث	Dat	ا	ہجوم' گہرا' سخت' مضبوط
داماء	Dama	ف	دریا' سمندر
داد	Dad	اُف' ع	عدل' انصاف' بخشش' آفرین واہوا' فریاد' پاداش
دادبخش	Dadbakhsh	ف	عادل' منصف
دادبخشی	Dadbakhshi	اُف	عادل وانصاف
دادرس	Dadrass	ف	فریاد سننے والا' مصنف' جج قاضی
دادگستر	Dadkusstar	ف	منصف' خداتعالیٰ
دائمہ	Daima	ع	ہمیشہ رہنے والی' ابدی' ہمیشہ
داملہ	Damla	ع	تواضع کرنا' نرمی سے پیش آنا
دامیہ	Damia	ف	شکار کرنے والی
داجن	Dajan	ع	ملی ہوئی بکری' پانی کھینچنے والا
داجیہ	Dajia	ف	اندھیری رات
دابرہ	Dabra	ف	عقب میں آنے والی' پیچھے پیچھے چلنے والی
دارباز	Darbaz	ف	نٹ' بازی گر' مداری
دارہ	Dareh	ف	دائرہ' ہالہ
دارِیاء	Darya	ع	جاننے والی' حاجب نعمت
داستوانہ	Dastwana	ف	عورتوں کا کنگن
دائبان	Daeban	ع	رات دن
دائنہ	Daina	ف	قرضہ دینے والی
دانست	Danist	اُہ	دانش' سمجھ' واقفیت' علم

دانش	Danish	ف	سمجھ، شعور، عقل
دانیا	Dania	ع	سخی، دریادِل، فیاض، قریب ہونے والی
دالیہ	Dalia	ت	خوبصورت پھول
دارادہ	Darada	ف	فریفتہ، عاشق
دارائی	Darai	ف	ریشمی کپڑا، حکومت، حکمرانی
دامان	Daman	ف	پلو، آنچل، کنارہ، دامن
داوری	Dawri	ف	معاملہ، حکومت
داعصہ	Daasa	ع	عزت میں مقابلہ کرنا
داشا	Dasa	ع	لونڈی، کنیز
دارمیۃ	Darmita	ع	حضرت امیر معاویہؓ کے عہد حکومت کی ایک جرائتمند خاتون دارمیہ جو دارمیۃ الجونیہ کے نام سے مشہور تھیں۔ بنو کنانہ سے تعلق رکھتی تھیں اور مکہ مکرمہ میں رہتی تھیں۔ نیک دل مسلمان خاتون تھیں۔ تابعیات میں شمار ہوتا ہے۔
دبور	Dubur	ع	بادِ صبا، بادِ نسیم
دبیرالملک	Dabeer-ul mulk	ا، ع، ف	سیکرٹری آف سٹیٹ، شاہی محرر، عہد مغلیہ کا ایک خطاب
دجلہ	Dajla	ع	عراق کا ایک دریا
دخاس	Dikhass	ع	بہت زیادہ، زرہ جس کے حلقے قریب قریب ہوں
دختر	Dukhtar	ف	بیٹی
دخترعمران	Dukhtar-e-Imran	ع	حضرت مریم علیہ السلام
دخترک	Dukhtrik	ف	چھوٹی لڑکی
دخلہ	Dakhla	ت	قطرہ

دربہ	Darba	ع	ہر کام میں دلیری کرنا' رواج' دستور
درع	Dirha	ع	زرہ
درمانہ	Dermana	ف	چارہ گر
درخشندہ	Derkhshanda	ف	چمکدار' روشن' منور
دُرہ	Dura	ع	بہت بڑا موتی' حضرت ام سلمہؓ کی بیٹی کا نام جو پہلے شوہر ابو سلمہ عبدالاسد سے تھیں۔
دُرِثمین	Dur-E-Samin	ف	گراں قدر موتی' نہایت بیش قیمت موتی
درگا	Dargah	اس	ہندوؤں کی دیوی بھوانی' بصورت عورت
درونہ	Daruna	ف	سینہ' دل' قلب
دُریاب	Duryab	ف	سمندر
دریابار	Daryabar	ف	سخی' فیاض' بہت برسانے والا
دردنہ	Durdna	ف	دل' سینہ
دردانہ	Durdana	ف	موتی کا دانہ
درقہ	Durqa	ف	سپر' ڈھال
درخشاندہ	Derkhshanda	ف	چمکدار' منور' روشن
درخو	Durkhu	پشتو	سیپ
درخور	Darkhor	ف	لائق' قابل' سزاوار' رسائی' پہنچ
درشنا	Darshna	ف	نظر' روشن
درشہوار	Dur-E-Shahwar	ف	بہت بڑا موتی' شہنشاہوں کے لائق موتی
درایت	Darayat	اع	سمجھ' عقل (حدیث) وہ اصول جن کا مقصد کسی روایت کو عقلی طور پر پرکھنا ہے

دراں	Durran	ف	پھاڑنے والا
درازی	Darazi	اُف	طوالت' لمبائی
دراک	Derrak	ع	ذہین' ہوشیار' بات کی تہہ تک جانے والا
درافشاں	Durafshan	ف	موتی بکھیرنے والی
درنہ	Durna	ع	شمشیر' تلوار
درقا	Durqa	ف	بادل' ابر
درخشاں	Darkshan	ف	چمکدار' روشن' منور
دُریا	Durya	ف	موتی' لعل' گوہر
دروج	Darooj	ع	جلدی سے گزر جانے والی ہوا
درنایاب	Dur-E-Nayab	ع	نایاب موتی' بے مثل موتی
درشکا	Durshaka	از	زندگی' جان' روح' حیات
درخش	Darekhsh	ف	بجلی' چمک' روشن' منور
دُربہ	Durba	ع	دستور' رواج' ہر کام میں جرأت کرنا
درناسفتہ	Dur-E-Nasafta	ف	کنواری لڑکی' دوشیزہ' بغیر سوراخ کے موتی
درائیت	Derayat	ع	دانائی' دانش' عقل' شعور' سمجھ
درپنی	Derpani	ھ	چھوٹا شیشہ' چھوٹا آئینہ
دُری	Duri	ع	روشن بڑا ستارہ۔
درنگ	Darang	ف	تاخیر' دیر' توقف
دری	Dari	اُہ	لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو' کنیز چھنال
دسام	Disam	ع	شیشی یا بوتل کے ڈاٹ
دستیہ	Dastiya	ع	اعلیٰ' عمدہ' بخشش' بہت

دستین	Dastin	ف	ہاتھ کا کنگن
دستینہ	Dastina	ف	ہاتھ کا کنگن' شاہی فرمان
دستوانہ	Dastawana	ف	عورتوں کا کنگن
دسرہ	Desra	ع	نیزہ مارنا
دسیعہ	Dasia	ع	عمدہ' بہت' بخشش
دسعید	Daseed	ع	بہت اعلیٰ' عمدہ' بخشش' نفیس
دستیار	Dastyar	ف	معاون' مددگار
دستنبو	Destambu	ف	خوشبو کا گلدستہ
دشا	Disha		حالت' کیفیت' زمانہ' عمر' نصیب' گت
دشکا	Dushka	ر	پیاری' عزیزہ
دشن	Dashan	ع	عطا کرنا' دینا
دُشنہ	Dushna	ف	کٹاری' خنجر
دشیا	Dashya	ع	مبارک روز' سعید دن
دفص	Dafas	ع	چمک اور نرمی
دلربا	Dilruba	ف	دل کو بہلانے والی' دل لبھانے والی
دلشاد	Dilshad	ف	پرمسرت' شادمان' مسرور' مگن' خوش وخرم' اپنے وقت کی مشہور ملکہ دلشاد خاتون جو فارس و عراق کے حکمران شیخ حسن ایلکانی کی اہلیہ تھی۔ بڑی دانشمند اور صاحب تدبیر خاتون تھی۔ آٹھویں صدی ہجری کی یہ مشہور مسلمان خاتون بغداد میں فوت ہوئی اور نجف اشرف میں دفن کی گئی۔
دلفریب	Dilfaraib	ف	فریفتہ کرنے والا
دل شگفتہ	Dilshagufta	ف	خوش دل' بشاش
دل پذیر	Dil Pazir	ف	دل پسند' دل کو بھانے والی

دل آرام	Dilaram	ف	دل کوراحت دینے والی' محبوب' پیاری
دل افروز	Dilafroz	ف	دل کو منور کرنے والی' دل کوروشن کرنے والی
دل گیر	Dilgeer	ف	مغموم' غمگین
دلدار	Dildar	ف	دلبر
دلدادہ	Dildadah	ف	عاشق' فریفتہ
دلکش	Dilkash	ف	دلچسپ' خوشنما' دل کو کھینچنے والی
دلکشی	Dilkashi	ف	خوشنما
دلساز	Dilsaz	ف	دل کو لگنے والی' دل پسند
دل آراء	Dilara	ف	دل کو آراستہ کرنے والی' دل کی آرائش کرنے والی
دل آویز	Dilawaiz	ف	دل پسند' پسندیدہ' مرغوب
دل پسند	Dilpasand	ف	پسندیدہ' دل کو بھانے والی
دلکشا	Dilkusha	ف	دل کو کھولنے والی' کھلے دل والی' فراخ' وسیع' کشادہ
دل نہاد	Dilnehad	ف	جس پر دل آجائے' معشوق
دلنواز	Dilnawaz	ف	من پسند' دل کو بھانے والی
دلبر	Dilber	ف	محبوب' پیارا' دلربا
دلارا	Dulara	ا	پیاری' لاڈلی' عزیزہ
دلارام	Dilaram	ف	دل کو سکون دینے والی
دلام	Dalam	ع	سیاہی' سیاہ چیز
دلاص	Dilas	ع	نرم و چمکدار
دلال	Dallal	ف	غمزہ' ناز
دلاور	Dilawar	ف	شجاع' بہادر
دلص	Daliss	ع	ہموار زمین بہت پھسلنے والا
دلیل	Daleel	ع	راہ نما' راہ

دماس	Damas	ع	پوشیدہ اور پنہاں کر دینے والی چیز
دمامہ	Damama	ف	رونق' نظارہ
دمریزی	Damrazi	ا	وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد یا توڑنے کے بعد آئے
دملہ	Damla	ت	بوند' قطرہ
دمساز	Damsaz	ف	ساتھی' رفیق' دوست' ہمراز
دمیشا	Damyasha	ا (قدیم)	مالدار' امیر
دمیہ	Damia	ع	خیر و برکت' بھلائی' اچھائی
دمنہ	Damna	ع	سبزہ' ہریالی
دمینا	Damina	ھ	امیر' رئیس' دولت مند' مالدار
دنیاز	Danyaz	عبر	سمندر
دوسی	Dossi	ا (قدیم)	داسی' لونڈی' باندی
دولت	Dolat	ع	مال' مقدر' نصیبہ' اقبال' حکومت' سلطنت مغل بادشاہ ظہیر الدین محمد بابر کی نانی کا نام دولت ایساں جو بڑی بیدار مغز' دور اندیش اور دانشمند خاتون تھی۔
دوشینہ	Doshina	ف	پچھلی رات کی
دوارالشمس	Dawar-ul-Shams	ع	سورج مکھی
دوشا	Dusha	ر	جان روح' زندگی' حیات
دھرن پار	Dahranpar	ا (قدیم)	دھرنے والا
دھمپال	Dhampal	ا (قدیم)	بہت موٹا
دھیرک	Dheerak	ا (قدیم)	تسلی' سہارا
دینپا	Deenpa	ع	روشن کرنا' چمکنا
دینیز	Diniz	ت	سمندر

دیناز	Dinaz	عبر	سمندر
دیباج	Dibaj	ف	باریک ریشمی کپڑا
دیبی	Debi	اُہ	ملکہ رانی دیوی
دیلک	Dilak	ت	آرزو خواہش امنگ مستقبل
دیون	Daiwan	یو	زمین و آسمان کی بیٹی
دیویا	Daivia	عبر	محبوب معشوق
دیویتا	Diveta	عبر	محبوب پیارا
دیبارو	Dibaru	ف	محبوب دیبا جیسے نرم چہرے والی
دیماء	Dima	ع	دائی ابدی تیز بارش
دیبا	Diba	ف	باریک ریشمی کپڑا
دیپا	Deepa	ہ	چراغ دیا
دیناء	Dina	ع	اطاعت مالک بنا دینا
دیمہ	Dima	ف	گال رخسار
دیانت	Dayanat		ایمانداری راستی امانت
دیانہ	Diyana	ع	دین مذہب ملت
دیال	Dayal	ہ	رحمدل مہربان

ذ

ذابلہ	Zabela	ع	مست آنکھوں والی، نیم باز آنکھوں والی
ذات النطاقین	Zat-ul-nataqeen	ع	حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے
ذانبہ	Zanba	ع	عقب میں آنے والی، پیچھے چلنے والی
ذارعہ	Zaraa	ع	سبب، وسیلہ، مل جانا، واسطہ
ذابرہ	Zabra	ع	عالم، فاضل، علم جاننے والی
ذاخرہ	Zakhira	ع	موٹی، صحت مند
ذاکرہ	Zakira	ع	ذکر کرنے والی
ذابل	Zabel	ع	مست آنکھیں، نشیلی آنکھیں، نیم باز آنکھیں
ذاعہ	Zaa	ع	وسیلہ
ذائل	Zail	ع	لمبے دامن کی زرہ، لمبی دم کا گھوڑا، زرہ کے باریک حلقے
ذاہرہ	Zahira	ع	عالم، فاضل
ذاہلہ	Zahla	ع	نشیلی آنکھوں والی
ذبالہ	Zabala	ع	چراغ کی بتی، فتیلہ، دیے کی بتی
ذبال	Zabal	ع	دیے کی بتی، چراغ کی بتی
ذیب	Zabib	ع	بھیڑیا
ذخرہ	Zakhra	ع	ذخیرہ
ذرع	Zara	ع	قوت، خصلت، عادت
ذروت	Zarut	ع	نہایت بلند و بالا جگہ، اونچی جگہ، چوٹی
ذردت	Zardat	ع	اونچی جگہ، پہاڑ کی چوٹی

ذردس	Zardas	ع	چوٹی' بلندی
ذرہ	Zara	ع	تھوڑی سی
ذرینہ	Zareena	ع	خوبصورت
ذریہ	Zaraya	ع	اولاد' نسل' تخم
ذریت	Zarayat	ع	تخم' اولاد' نسل
ذر	Zer	ع	معمولی سی' تھوڑی سی
ذربہ	Zerba	ع	تیز شمشیر' تیز تلوار
ذرفہ	Zerfa	ع	آنسو کا بہاؤ
ذریرہ	Zarira	ع	خوشبو' ایک قسم کی مہک
ذراع	Zraa	ع	تیز کاٹنے والی
ذفرہ	Zafra	ع	حضرت ذفرہؒ کا شمار تابعیات میں ہوتا ہے۔ آپ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی شاگرد تھیں۔
ذکرا	Zikra	ع	نصیحت' فائدہ
ذکرہ	Zakra	ع	پھرتی' چستی' تیزی
ذکیرہ	Zakira	ع	بہت ذکر کرنے والی' بہت یاد کرنے والی
ذکی	Zaki	ع	تیز فہم' ذہین
ذکیہ	Zakia	ع	تیز فہم' سمجھدار' ذہین' فہم و فراست رکھنے والی
ذکاء	Zaka	ع	ذہانت
ذکاوت	Zakawat	ع	دانائی' فہم' سمجھ' ذہانت' شعور' تیز فہمی
ذلافت	Zulafat	ع	عقلمند' فہم
ذلاقت	Zalaqat	ع	فصاحت' بلاغت' تیزی۔
ذلول	Zalul	ع	تابعدار' مطیع' فرمانبردار
ذمار	Zimaar	ع	بہادری' جرأت' دلیری' شجاعت

زمام	Zemam	ع	حق واجب' حرمت وعزت' آبرو
زمامہ	Zamama	ع	بقایا' باقی' آبرو' بہادر' جرأت
زمیم	Zameem	ع	شبنم
زنوبیا	Zanobia	ع	باافراط پانی
ذوالاحترام	ZulEhtram	ع	صاحب احترام
ذوالنورین	Zu-Al-Noorani	ع	دونوروں والا' عثمانؓ کا لقب کیونکہ رسول اللہ کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے ان کے نکاح میں آئیں
ذوبانی	Zobani	اُع	بے قراری' بے چینی
ذوفنون	Zufnoon	ع	وہ جو کوئی فن جانتا ہو' عالم' فاضل پرفن' عیار' چالاک
ذوقیبہ	Zooqeba	ع	مرغوب
ذوقیہ	Zoqia	ع	شوق سے' ذوق سے' مرغوب' پسندیدہ
ذہالہ	Zuhaala	ع	چراغ کی بتی' دیئے کی بتی
ذہب	Zaheb	ع	سونا
ذہین	Zahin	ع	ہوشیار' تیز' فہم' زیرک' ایک نام ذہین طاہرہ
ذی	Zie	ع	مالک' والد' مرکبات میں جیسے ذی شان
ذی شان	Zishan	ف	شوکت والا
ذیالہ	Ziala	ع	چراغ کی بتی
زینب	Zeenab	ع	حضرت فاطمہؓ کا ایک نام

ر

رابعہ	Rabia	ع	چوتھی' چہارم' مشہور عارفہ زاہدہ حضرت رابعہ بصریؒ۔ آپ کے والد کا نام اسماعیل تھا۔ کہا جاتا ہے کہ آپ اپنے والدین کی چوتھی بیٹی تھیں۔ اس لیے آپ کا نام رابعہ مشہور ہو گیا۔ عراق کے شہر بصرہ میں پیدا ہوئیں۔ بصرہ میں ہی وفات پائی اور بصرہ میں ہی مدفون ہوئیں۔
رابیہ	Rabia	ع	اونچی زمین' بلند زمین
رابحہ	Rabiha	ع	نفع بخش خرید و فروخت' فائدہ مند تجارت
رابط	Rabit	ع	ربط پیدا کرنے والا
رائحہ	Raiha	ع	مہک' خوشبو
رامین	Ramin	ف	تابع' مطیع' فرمانبردار' تابعدار' اطاعت گزار
راکبہ	Rakba	ع	سواری کرنے والی
راکد	Rakid	ع	اپنی جگہ ٹھہری ہوئی چیز' برقرار رکی ہوئی چیز
راکع	Rakey	ع	رکوع کرنے والا' عبادت کرنے والا
راحم	Rahim	ع	مہرباں
راحیدہ	Rahida	ع	نگہبان' رسد پہنچانے والی
راحمہ	Rahma	ع	مہربان' رحم کرنے والی
راشدہ	Rashida	ع	ہدایت والی' ہدایت یافتہ
رازقہ	Razqa	ع	رزق دینے والی
رافغہ	Rafigha	ع	چمکنے والی' روشن
رافقہ	Rafqa	ع	حلیمی کرنے والی' نرمی کرنے والی' مہربانی کرنے والی

راتبہ	Ratba	ع	محکم، ساکن، ثابت، قائم
راعیل	Raeel	ع	زلیخا کا نام
راشقہ	Rashqa	ع	تیر مارنے والی
راضیہ	Razia	ع	راضی، رضامند، صابر، شاکر، خوش ہونے والی، خوش کرنے والی
راستینہ	Rastina	ع	درست، واقعی، حقیقی، راست
راحجہ	Rahija	ع	جھکنے والی
راستی	Rasti	ع	سچائی، ٹھیک ہونا، سیدھا ہونا، درست ہونا، ملتان کے مشہور بزرگ حضرت رکن عالم رکن الدینؒ کی والدہ ماجدہ کا نام جو قرآن کی حافظہ تھیں اور عابدہ زاہدہ تھیں۔ ہر روز ایک قرآن مجید ختم کرنے کا معمول تھا۔ مزار مبارک ملتان میں واقع ہے۔
راشفہ	Rashfa	ع	ہمراہ، چلنا، ساتھ چلنا
رافیہ	Rafia	ع	پناہ لینا، منافقت کرنا
رافعہ	Rafia	ع	اٹھانے والی، بلند و بالا کرنے والی، اونچا کرنے والی
راحت	Rahat	ع	سکون، آرام، چین
رافہ	Rafa	ع	راحت و چین کی زندگی گزارنے والی، آرام و سکون کی زندگی بسر کرنے والی
راجعہ	Rajia	ع	رجوع کرنے والی، واپس ہونے والی
راجنی	Rajni	ہ	رانی، ملکہ
رافتہ	Rafta	ع	کرم، فضل، مہربانی
راسیتہ	Raseeta	ع	حقیقی راستہ
راسیہ	Rasia	ع	پائیدار، مضبوط، محکم، ثابت
راویہ	Ravia	ع	روایت بیان کرنے والی
راصدہ	Rasida	ع	نگہبان، نگرانی کرنے والی، رسد پہنچانے والی

نام	Name	زبان	معنی
راصی	Rasi	ع	مطیع' فرمانبردار
راہبہ	Rahibah	اُ ع	عیسائی' تارک الدنیا عورت
راہنہ	Rahna	ع	شرط لگانے والی
راسبہ	Rasba	ع	تحمل والی' بردبار' حلیم' نرم
راہین	Rahin	ع	فرمانبردار' تابعدار' مطیع' ماتحت' تابع
راجیہ	Rajia	ع	سائلہ' امیدوار
راقبہ	Raqba	ع	نگہبانی کرنے والی' حفاظت کرنے والی
راجلہ	Rajla	ع	پیدل چلنے والی
راحل	Rahil	ع	کوچ کرنے والا مسافر
راحلہ	Rahla	ع	مددگار' مسافرہ' معاون' مدد دینے والی
رادھا	Radha	اُ ہ	رادھکا' کرشن جی کی ایک پیاری گوپی' کامیابی' قدرت
رادفہ	Radifa	ع	پچھلی آنے والی چیز
رادہ	Radeh	ع	خوبصورت عورت' حسین عورت
رامی	Rami	ف	تابعدار' اطاعت گزار' مطیع' فرمانبردار
رافقہ	Raffa	ع	روشن' منور' چمکنے والی
راسہ	Rasa	ع	دولت مند بنانا' رئیس بنانا' امیر بنانا
راعنہ	Raana	ع	خوبصورت شہزادی' حسین شہزادی
راعیہ	Raia	ع	بہت الفت کرنے والی' بہت محبت کرنے والی
راجی	Raji	ع	امیدوار' نویں صدی ہجری کی ایک نامور خاتون راجی بی بی جو جونپور کے حکمران سلطان محمود شاہ کی اہلیہ تھیں۔ نہایت نیک اور دیندار خاتون تھیں۔ آپ نے جانپور میں بہت سی مساجد' مدرسے اور خانقاہیں تعمیر کروائیں
رائمہ	Raima	ع	تلاش کرنے والی' چاہنے والی

رائق	Rayaq	ع	خوبصورت' اچھی چیز
رائقہ	Raiqa	ع	حسین' خوبصورت' دل کو بھانے والی
رانی	Rani	ہ	ملکہ
رانیا	Rania	ہ	ملکہ
رامشہ	Ramsha	ع۔ف	مسرور' خوش' مطمئن' خوش ہو کر گانے والی
راگنی	Ragni	ع	راگ' گیت' گانا
رافضہ	Rafiza	ع	بلند کرنے والی
رافضہ	Rafza	ع	چمکنے والی
رافضہ	Rafza	ع	کام پر لگانا
رامش	Ramish	ف	چین وسکون' آرام وراحت' خوشی میں گانا
رادِفہ	Radifa	ع	پیچھے آنے والی
راقبہ	Raqiba	ع	انتظار کرنے والی
راغبہ	Raghba	ع	خواہش مند
ربید	Rabaid	ع	دلیر
ربیسہ	Rabisa	ع	جری' دلیر' بہادر' شجاع' جرأت مند
ربانہ	Rabana	ع	چھوٹا ساز' چھوٹا رباب
ربایہ	Rabaya	ع	وعدہ' پیمان' عہد' اقرار' قول
رباء	Raba	ع	فائدہ' منافع' نفع
ربطہ	Rabta	ع	پختگی کے ساتھ باندھنا' پکا باندھنا' مضبوط باندھنا
رباب	Rabab	ع	ایک مشہور ساز کا نام
ربیط	Rabit	ع	حکیم درویش
ربیع	Rabi	ع	بہار
رباض	Rabaz	ع	شیر

ربیعہ	Rabia	ع	موسم بہار کی چیز، مشہور فاتح سلطان صلاح الدین ایوبی کی ہمشیرہ کا نام ربیعہ خاتون جو بڑی علم و فاضل والی خاتون تھیں۔ آپ نے دمشق میں جبل قاسیون میں ایک عظیم الشان مدرسہ تعمیر کروایا جو مدرسہ خاتونیہ کے نام سے مشہور ہے اور آج تک موجود ہے۔ آپ کا مزار مبارک اسی مدرسہ کے اندر واقع ہے
رتبہ	Rutba	ع	مرتبہ، عہدہ، مقام
رَتل	Rutal	ع	خوبی زیبائش، دانت کی سفیدی اور آبداری، درست بات
رثمہ	Rasma	ع	وادی کا پہلو، وادی کا درمیان
رجلی	Rajli	ع	پیادہ عورت
رجیہہ	Rajiha	ع	جھکنے والی
رجوہ	Rajooh	ع	ڈھارس رکھنا، امید رکھنا، بھروسہ رکھنا، آس رکھنا
رِجلہ	Rijla	ع	مہلت دینا
رِجاء	Rijah	ع	آس، امید، توقع، بھروسہ
رجاس	Rajas	ع	سمندر
رجاب	Rajab	ع	عزت کرنا، احترام کرنا، تعظیم کرنا
رجابہ	Rijaba	ع	کشادگی
رجیہ	Rajia	ع	احترام کرنا، تعظیم کرنا، عزت کرنا
رَجا	Raja	ع	کنارہ، سرا، طرف، جانب، طلب کرنا، مانگنا
رجائی	Rajai	ع	پرامید، امید رکھنے والی
رجاء	Rija	ع	امید، بھروسہ

نام	انگریزی		زبان	معنی
رجب	Rajab		ع	ساتواں اسلامی مہینہ' نویں صدی ہجری کی نامور محدثہ گزری ہیں علم حدیث میں بلند مقام رکھتی تھیں۔ بہت سے علمائے کرام آپ سے حدیث کا سبق لیتے تھے۔ رجب بی بی کا شمار علامہ جلال الدین سیوطیؒ کے عہد کی نامور خواتین میں ہوتا ہے۔
رچنا	Rachna		ہ	فطرت' محبت' گیت
رحاب	Rahaab		ع	فراخی' کشادگی
رحالہ	Rahala		ع	چمڑے کا زین' قرآن شریف کا رحل
رحبہ	Rehba		ع	کشادہ ذہن
رحنیمہ	Rehneema		ع	نرم آواز والی
رحیمہ	Rahima		ع	رحم کرنے والا' مہربانی کرنے والی
رحیلہ	Rahila		ع	کوچ کرنے والی' سفر کرنے والی' مسافرہ
رحماء	Rehma		ع	مہربان عورت
رحمت	Rahmat		ع	بخشش' کرم' مہربانی
رحین	Rahin		ع	کریم' مہربان' پکا' مضبوط
رحمہ	Rehma		ع	رحیم ہونا' رحم دل ہونا' ترس کھانا
رُحابہ	Ruhaba		ع	فراخی' کشادگی' وسعت
رُحماء	Ruhma		ع	مہربان' کریم
رُحاب	Ruhab		ع	فراخی' وسعت' کشادگی
رحیل	Rahil		ع	حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ کا نام
رحل	Rahal		ا' ع	مسکن' منزل' اسباب' کوچ
رحلہ	Rahla		ع	کوچ' سفر
رحیق	Raheeque		ا' ع	خالص شراب
رخاخ	Rakhakh		ع	خوش عیشی' نرم زمین' فراخ زمین

رخام	Rakham	ع	سفید اور نرم پتھر
رخامہ	Rakhama	ع	چھوٹا سنگ مرمر
رخیمہ	Rakhima	ع	نرم آواز والی' حلیم آواز والی
رُخسانہ	Rukhsana	ف	صبح صادق' طلوع صبح
رَخش	Rakhsh	ف	چمک ''شعاع'' کرن
رَخش بہار	Rakhshe-Bahar	ف	باد بہار' ابر بہار
رَخشی	Rakhshi	ف	روشنی' کرن' چمک' اُجالا
رُخام	Rukham	ع	سفید اور نرم پتھر
رُخسارہ	Rukhsara	ع	گال کا بالائی حصہ
رخشندہ	Rakshunda	ف	روشن' منور' چمکیلی' درخشاں' چمکتی ہوئی
رخ	Rukh	ف	توجہ' منہ' سمت
رُخسار	Rukhsar	ع	گال' عارض
رخشاں	Rakhshan	ف	روشن' چمکیلی' منور' چمکنے والی
رخشہ	Rakhsha	ف	لو' لپک' شعلہ
رخلہ	Rakhla	ع	تعظیم کرنا' عزت کرنا' احترام کرنا
رُخامہ	Rukhama	ع	چھوٹا سنگ مرمر
رَخص	Rakhs	ع	نازک' نرم
رخصت	Rukhsat	ا' ع	اجازت' منظوری' رضا' روانگی کوچ
رخود	Rikhuad	ع	نرم ہڈیوں والا' پُر گوشت آدمی
رَخیص	Rakhees	ع	سستا' ارزاں
رداء	Rida	ع	چادر
ردید	Radeed	ع	پانی برسا چکنے والا بادل

نام	Name	زبان	معنی
رِداء	Rida	ع	دوپٹہ چادر شال اوڑھنی حیاوالی شرم والی
ررجالس	Rarjals	ع	سمندر
رزم	Rizam	اف	جنگ معرکہ
رزین	Razin	ع	آہستہ بھاری بھرکم گراں مایہ
رزین	Razeen	ف	مضبوط پختہ استوار مستحکم قائم پائیدار
رزاقہ	Razaqa	ع	رزق دینے والی
رزانت	Razant	ع	آہستگی مضبوطی پختگی
رسیع	Rasee	ع	خوشگوار زندگی
رسیلہ	Rasila	ع	بھیجی ہوئی ارسال کی ہوئی
رِسام	Risam	ع	مصورہ نقاش تصویر بنانے والی
رسمین	Rasmin	ع	خاکہ نشانی علامت
رسمیہ	Rasmia	ع	حاکمانہ سرکاری نشان نقش
رسمید	Rasmeed	ع	خاکہ نشانی علامت
رسمید	Rasmeed	ع	سرکاری حکومتی نقش نشان
رسام	Rasaam	ع	مصور نقاش
رسامہ	Rasama	ع	تیز رفتاری پاؤں کے نشان چھوڑنا
رسالت	Rasalat	ع	پیغامبری سفارت
رساں	Risan	ف	پہنچنے والا پہنچانے والا
رسان	Rasan	اُر	نرمی آہستگی
رُستمی	Rustami	اُر	جرأت بہادری دلیری
رسیلی	Rasili	ہ	خوش مزاج مزاحیہ بانکی

رشحہ	Rashaa	ع	رس' بوند قطرہ' ایران کی ایک مشہور شاعرہ رشحہ جو فارسی کے نامور شاعر مرزا احمد کشتہ کی والدہ تھی۔ صاحب دیوان تھی۔ اس کے دیوان میں تقریباً اکتیس ہزار اشعار ہیں۔
رشدہ	Rushda	ع	ہدایت والی
رشقہ	Rashqa	ع	گہری نظر سے دیکھنے والی
رشیبا	Rasheeba	ف	سچائی' راستی
رشیقہ	Rashiqa	ع	خوش کلام' خوش اندام' خوش مزاج' خوش طبع
رشتیا	Rashtia	ف	راستی' سچائی
رشادت	Rashadat	ع	ہدایت' سیدھی راہ' صراطِ مستقیم
رشافت	Rashafat	ع	جسمانی حسن والی
رشیدہ	Rashida	ع	ہدایت یافتہ' ہدایت کی گئی
رشاقت	Rashaqat	ع	جسمانی خوبصورتی' جسمانی حسن و جمال
رشاء	Rasha	ع	ہرن کا بچہ
رُشدہ	Rushda	ع	ہدایت یافتہ' ہدایت والی
رَشقہ	Rashqa	ع	گہری نگاہوں سے دیکھنا
رشاد	Rashad	ع	راہ راست پر آنا' ہدایت پانا
رصفیہ	Rasfia	ع	نظیر' دوست
رصین	Rasin	ع	مہربان' ہمدرد' مضبوط' مستحکم
رصیفہ	Rasifa	ع	رفیقہ' حبیبہ' ساتھی' دولت' نمونہ' مثال' نظیر
رضیفہ	Razeefa	ع	دوست' ساتھی

رضیہ	Razia	ع	خوش ہونے والی، راضی ہونے والی، مسرور ہونے والی، دلی کے تخت پر بیٹھنے والی پہلی اور آخری مسلمان خاتون ملکہ رضیہ سلطانہ جو سلطان قطب الدین ایبک کی نواسی اور سلطان شمس الدین التمش کی بیٹی تھی۔ اس نے تین سال تین ماہ تک حکمرانی کی۔
رضوان	Rizwan	ع	رضامندی، بہشت کا دربان
رضوانہ	Rizwana	ع	خوشنودی، رضامندی
رِضوہ	Rizwa	ع	خوش ہونا، راضی ہونا، مسرور ہونا، خوشنودی
رضوی	Rizvi	ع	امام علی رضا سے نسبت رکھنے والا یا انکی اولاد
رِضا	Riza	ع	خوشنودی، رضامندی
رضیع	Razi	ع	شیر خوار بچہ، سلطان نورالدین محمود زنگیؒ کی اہلیہ کا نام رضیع خاتون جو نہایت نیک سیرت خاتون تھی۔ دمشق میں اس نے ایک عظیم الشان دینی مدرسہ تعمیر کروایا تھا۔ جب سلطان نورالدین محمود زنگیؒ کا انتقال ہو گیا تو انتقال سے تین سال بعد رضیع خاتون نے سلطان صلاح الدین ایوبی سے نکاح ثانی کر لیا۔
رطلبہ	Ritilba	ع	تیز رفتار گھوڑی
رعدہ	Rada	ع	خوش، مسرور، نعمت، عیش
رعینہ	Raeena	ع	انعام و اکرام
رعیلہ	Raila	ع	آگے رہنے والی، ہراول
رعنا	Rana	ع	خوشنما، زیبا، بناؤ سنگار کرنے والی عورت، تحریک پاکستان میں حصہ لینے والی ایک مشہور خاتون بیگم رعنا لیاقت علی خان۔
رعوفہ	Raoofa	ع	ہلکی بارش، بوندا باندی

رعاضی	Raazi	ع	فیاض
رعافی	Raafi	ع	سخی، فیاض
رِطلہ	Ritla	ع	تیز دوڑنے والی گھوڑی
رغیسہ	Raghisa	ع	برکت، نعمت، انعام
رغدہ	Raghda	ع	مسرور، پرمسرت، خوش، راضی، نعمت، برکت
رغیبہ	Raghiba	ع	مائل ہونے والی، رغبت کرنے والی
رفخہ	Rafkha	ع	شادی کی مبارک، بیاہ کی مبارک
رفعت	Riffat	ع	بلندی، اونچائی
رفسانہ	Rafsana	ف	طلوع، صبح، صبح صادق
رفیہ	Rafia	ع	شفیق، بلند جگہ
رفیقہ	Rafiqa	ع	ساتھی، دوست، ہمراہی، حبیبہ
رفاس	Rifas	ع	وہ رسی جس کی اونٹ سے ہاتھ پاؤں باندھتے ہیں
رفال	Rafal	ع	لمبے بال
رفاہت	Rafahat	ف	سکون، آرام، آسائش، چین، راحت
رفضہ	Rifza	ع	اختلاف
رفضد	Rafzad	ع	تضاد، اختلاف، فرق
رِفعت	Riffat	ع	بلندی، بالائی، اونچائی
رفغہ	Rafkha	ع	شادی کی مبارک، بیاہ کی مبارک
رفذہ	Rafza	ع	آسرا دینا، سہارا دینا، ساتھ دینا، مدد کرنا
رفق	Rifaq	ا، ع	نرمی، مہربانی
رفقہ	Rafqa	ع	ساتھ دینے والی، مددگار، ساتھی، ہمراہی، نفع پہنچانا
رفیعہ	Rafia	ع	اونچی، بلند وبالا
رُفقہ	Rufqa	ف	دوست، رفیقہ، ساتھی، ہمراہی

رفشہ	Rifsha	ع	کشادہ، سیراب، وسیع، فراخ
رفاہ	Rafah	ع	نیکی، بھلائی، سکون، آرام
رفاقت	Rafqat	ع	ساتھ، ہمراہی، دوستی
رفاعلہ	Rafala	عبر	مسیحا، زخموں کو مندمل کرنے والی
رفیف	Rafif	ع	چمکتا ہوا، نرم کپڑا
رقبہ	Raqba	ع	پڑھنے والی
رقت	Raqat	ا ع	نرمی، پتلا پن (مجازاً) رونا
رقیق	Raqeeque	ع	پتلا، لطیف، نرم، ملائم
رقیمہ	Raqima	ع	چٹھی، خط، تحریر کی ہوئی چیز، نوشتہ، رقعہ
رقیہ	Ruqqia	ع	جادو، منتر
رقیہ	Raqia	ع	پڑھنے والی، حضور نبی کریم ﷺ کی دوسری صاحبزادی حضرت رقیہؓ جن کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ سے ہوا۔ ان سے ایک لڑکا ہوا جو دو برس کا ہو کر وصال کر گیا پھر اور کوئی اولاد نہ ہوئی۔
رقیبہ	Raqiba	ع	نگہبان، ہم پلہ، ہمسر
رکاز	Rikaz	ع	سونے چاندی وغیرہ کی کان
رکن	Rukan	ع	کسی چیز کا بہت مستحکم کنارہ، بڑا کام، حجر اسود، ہر امر جو قوت و شوکت اور غلبہ کا باعث ہو جیسے لشکر وغیرہ، عزت، قوت، غلبہ
رکوض	Rakuz	ع	جلد تر پھینکنے والی کمان۔
رکیک	Rakeek	ع	سست، دبلا پتلا، نازک، ادنیٰ، نفیس
رکین	Rakin	ع	متین، سنجیدہ، استوار، مضبوط، مستحکم
رکیبہ	Rakiba	ع	ہمرکاب، شہ سوار، سواری کرنے والی
رکبابہ	Rakbaba	ع	سوار، شہسوار عورت

رکبانہ	Rukbana	ع	شہسوار عورت
رکیہ	Rakia	ع	کنواں' ندی
رِکاز	Rakaz	ع	خزینہ' دفینہ' زمین میں گڑا ہوا خزانہ
رمایہ	Ramaya	ع	تیز اندازی کرنے والی
رمتا	Ramta	ہ	گھومنے والا' آوارہ
رموز	Ramuz	ا' ع	رمز کی جمع' اشارہ' بھید' راز
رمیصا	Ramisa	ع	ایک صحابیہ کا نام جو ابوطلحہ کی بیوی تھیں۔ اور ام سلیم کے نام سے مشہور تھیں۔
رمیہ	Ramia	ع	زیادتی' فروانی' تیرنے والی
رمیلہ	Ramila	ع	سجانے والی' آراستہ کرنے والی' حضور نبی کریم ﷺ کی خالہ ام سلیم کا ایک نام۔
رمیزہ	Ramiza	ع	سمجھدار' دانشمند' باشعور
رمشاء	Ramsha	ع	حسین وجمیل' خوبصورت
رُمان	Ruman	ف	انار
رمثہ	Ramsa	ع	ٹھیک کرنا' اصلاح کرنا' درستگی کرنا
رمیثہ	Ramisa	ع	خوبصورت پھولوں کا گلدستہ' حضور نبی کریم ﷺ کی خالہ اُم سلیم کا نام۔
رِمایہ	Rimaya	ع	تیر اندازی
رُمانہ	Rumana	ع	چھوٹا رباب' ایک ساز کا نام
رِمیہ	Rimya	ع	بہتات' کثرت' فراوانی' زیادتی' تیراک' تیرنے والی
رمحہ	Ramha	ع	آسمانی بجلی' بجلی چمکنا
رَمل	Ramil	ع	ریت

رملہ	Rimla	ع	آراستہ کرنا' پیراستہ کرنا' سجانا' گھوڑی' حضور نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام حبیبہؓ کا اصل نام
رمزہ	Ramza	ع	غمزدہ' عشوہ
رمیضہ	Rameeza	ع	چھوٹا نیزہ
رِمونا	Rimuna	ا۔س	حفاظت میں لینے والی' تحفظ دینے والی
رمنہ	Ramna	ف	سبزہ زار
رنس	Ranas	ع	شعاع' کرن
رناء	Ranaa	ع	کسی کی جانب دیکھنا' آواز کرنا' توجہ کرنا' نظر کرنا
رنگیلا	Rangeela	ا	رنگین مزاج' زندہ دل' بازکا' عیاشی
رنم	Ranm	ا۔ہ	آواز
رنیم	Raneem	ا۔ع	راگ کی آواز
رنین	Raneen	ع	آواز' راگ' گرہ
روشن	Roshan	ف	چمکدار' صاف' منور' تاباں' درخشاں۔ مغل بادشاہ شاہجہاں کی بیٹی کا نام روشن آراء جو ملکہ ممتاز محل کے بطن سے پیدا ہوئی تھی۔ اس نے ساری عمر شادی نہیں کی۔ بڑی دین دار اور نیک خاتون تھی۔
رودہ	Rudah	ع	خوبصورت اور حسین عورت' جوان
روشی	Roshi	ف	ایک قسم کا کپڑا
روبی	Rubi	لا	بیش قیمت سرخ پتھر' یاقوت' لعل
روپلہ	Roopla	ہ	حسین' خوبصورت
روپا	Roopa	ہ	خوبصورت' حسین
روشن آراء	Roshan Ara	ف	روشنی کی آرائش کرنے والی' روشنی سجانے والی

رودابہ	Rudaba	ف	مشہور ایرانی پہلوان رستم کی ماں کا نام' ندی کا بہاؤ' بہتی ندی
رونق	Ronaq	ف	تابنا کی' چمک دمک' تازگی' زیبائش
رویت	Rovait	ا' ع	صورت کا نظر آنا' نظارہ
رویدہ	Rawidah	ف	آہستگی سے کیا ہوا' نرمی سے' حلیمی سے
رومانہ	Romana	ف	محبت والی' رومان پرور' افسانوی عورت
روشنی	Roshni	ف	اُجالا' نور' چمک دمک
روشن گہر	Roshan Gohar	ف	نیک سرشت' اچھی عادت والی' اچھی خصلت والی
رومان	Roman	ف	محبت کی کہانی' افسانہ پیار کی داستان' حضرت عائشہ صدیقہؓ کی والدہ کا نام رومان بنت عامر بن عویمر جو کہ قبیلہ بنی کنانہ سے تھیں
رودکہ	Roodka	ع	حسین بنانا' خوبصورت بنانا' آرائش کرنا' زیبائش کرنا' آراستہ و پیراستہ کرنا' سجاوٹ کرنا
روفہ	Roofa	ع	مہربانی کرنے والی' شفقت کرنے والی' رحم و کرم کرنے والی
روفی	Roofi	ع	مہربانی' صابر' شفیق
روشان	Roshan	ف	روشن ستارے' درخشاں ستارے' تابندہ ستارے' منور ستارے' مشہور نامی گرامی لوگ' نامور لوگ
روحانہ	Rohana	ع	خوشبوئیں' مہک' سہولتیں' آسائشیں
رومینہ	Romina	ف	محبت پیار والی' رومان پرور
روہت	Rohat		خوبصورتی' حسن' نرمی' چہرے کی رونق یا تر و تازگی
روہینہ	Rohina	ع	فولاد' آہن' لوہا
روحی	Rohi	ع	قلبی' زندگی' دلی' روح' ایک نام روحی بانو
روحہ	Rooha	ع	روح' زندگی
روشنک	Roshnak	ف	مشعل روشن کرنے والی' روشنی جلانے والی

نام	Name	زبان	معنی
روحیلہ	Rohila	ع	مسافرہ' سفر کرنے والی' کوچ کرنے والی
روشانے	Roshane	ف	چمکدار ستارے' روشن ستارے' نامور لوگ' مشہور لوگ
رومیلہ	Romila	ف	آراستہ و پیراستہ کرنے والی' سجاوٹ کرنے والی' آرائش کرنے والی
روشنا	Roshna	ع	روشن' منور' تاباں' درخشاں' چمکنے والی
ربینا	Robeena	ا'س	درخشاں' شہرت والی
روبینا	Rubina	ف	چہرہ شناس
روجہ	Roja	ع	مسرت' خوشی' سرور' فرحت
روہین	Rohin	ع	فولاد' آہن' لوہا
رودارہ	Rudara	ع	حسین و جمیل' شکیل' خوبصورت
رودایہ	Rodaiya	ف	ندی کا بہاؤ
روفیہ	Rufia	ع	شفقت والی' محبت والی' شفیق' اونچی جگہ' بلند جگہ
روین	Raweeen	ف	موتیا کا پھول
رویا	Roya	ع	خواب
روما	Roma	لا	گھومنے والی' پھرنے والی
روشن جبین	Roshan Jabeen	ف	خوبصورت' حسین پیشانی والی
رونی	Runi	ا۔س	بااثر' بارسوخ' اثر و رسوخ والی
رولا	Rula	ٹ	مشہور' شہرت یافتہ' نامور' نامی گرامی
روآنا	Ruana	لا	خوش اخلاق' خوش مزاج' شیریں
روزا	Rosa	لا	خوبصورت' گلاب کا پھول
روزی	Rosei	ا'ف	رزق' حصہ' نصیب' روزگار
روزینا	Rozina	لا	گلاب کا پھول

نام	Name	زبان	معنی
روبیتا	Robita	لا	یاقوت' لعل' قیمتی سرخ پتھر
روزالیہ	Rozalia	لا	گلاب کا پھول
رونالدہ	Ronalda	ا۔س	اثرورسوخ رکھنے والی' بااثر
رولاندہ	Rolanda	ٹ	مشہور' نامور' شہرت یافتہ' نامی گرامی
روحانی	Rohani	ع	پاک' صاف' منزہ' پاکیزہ' ایک نام روحانی بانو
رواح	Rawah	ع	شام' کسی بات کا یقین ہوجانے کی خوشی ہونا' رات کے وقت جانا' رات کے وقت کوئی کام کرنا
روال	Rawal	ہ	سونے چاندی کا ذرہ
رواخ	Rawakh	ع	عصر اور مغرب کا درمیانی وقت
ریحانہ	Rehana	ع	پھول کی خوشبو' ہری گھاس' پھول کی مہک' سرسبز' حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک باندی کا نام ریحانہ بنت زید بن عمرو۔ یہ بنی نضیر کی باندیوں میں سے ہیں۔
ریوا	Riva	عبر	دل موہ لینے والی' دل میں گھر کرنے والی
ریناٹا	Rinata	لا	صلح' دوستی
ریکا	Rika	ٹ	بادشاہ کی بیٹی' شہزادی' ملکہ
ریتا	Rita	یو	موتی' گوہر
رہناز	Rehnaz	ف	نازو انداز والی
رِھاء	Riha	ع	خودمختار' آزاد' بے قید
رِھام	Riham	ع	ہلکی بارش' بوندا باندی
رہیدہ	Rahida	ع	نازک' نرم وملائم
رہین	Rahin	ع	گروی
رؤدہ	Raoda	ع	جوان' حسین عورت
رؤفہ	Raoofa	ع	بہت مہربان' شفقت والی

رئیسہ	Raeesa	ع	مالدار، دولت مند
ریم	Reem	ع	سفید ہرن
ریماء	Rimah	ع	سفید ہرن
ریمیا	Remya	اُف	ایک فرضی علم جس کا جاننے والا، جہاں چاہے جاسکتا ہے
ریسمان	Resman	اُف	سوت دھاگہ، رسی، ڈوری
ریشماں	Reshman	اُر	ریشم جیسی، حریر کی طرح، پاکستان کی ایک مشہور لوک گلوکارہ کا نام۔
ریشائیل	Reshaeel	اُعبر	بڑی اور لمبی گھنی ڈاڑھی والا، زبور میں ایک فرشتہ جس نے حضرت آدمؑ کو تعلیم دی
ریشمین	Reshmin	اُر	ریشمی، ریشم جیسا ملائم، ریشم کا بنا ہوا
رین	Reen	اُہ	شب، رات
رینی	Reni	فرنچ	دوسرا جنم
رینا	Reena	ا	یونانی گوہر، موتی
رینا	Rina	لا	شہزادی، بادشاہ کی بیٹی، صلح
ریشم	Resham	ف	حریر، سلک
ریجینا	Regina	ع	وقار والی، شاہانہ، ملکہ، بادشاہ کی بیگم
ریبا	Riba	عبر	موہ لینے والی، گھر کرنے والی
ریعان	Riaan	ع	خوشبو جیسی، مہک جیسی
ریحانی	Rihani	ع	خوشبو جیسی۔ مہک جیسی
ریاحین	Riyaheen	ع	خوشبودار پھول
ریاست	Riyasat	اُع	سرداری، افسری، امارت، راج، عملداری، حکومت
ریز	Raise	ف	بہانے والا، آنسو بہانے والا
ریختہ	Rakhtah	ف	پڑا ہوا، بکھیرا ہوا، پریشان ایک شاعر کا تخلص

ز

زاکیہ	Zakia	ع	پاکیزہ' پاک' منزہ' مطہر' صاف' بے عیب' پاک کرنے والی' خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہرائؓ کا لقب مبارک
زالہ	Zala	ع	جگہ سے ہٹانا' مقام سے ہٹانا
زاہراہ	Zahrah	ع	کلی' شگوفہ' چمک' آرائش' حضرت فاطمہؓ کا لقب مبارک
زاہرہ	Zahera	ع	روشن' منور' چمکدار' تاباں' درخشاں
زاہہ	Zaha	ع	مطمئن
زافرہ	Zafera	ع	جماعت' فوج' پارٹی' جیش' گروہ
زادلہ	Zadla	ع	قصد کرنا
زادی	Zadi	ف	جنی ہوئی' جنی (جیسے شہزادے)
زارہ	Zara	ع	بات چیت' گفتگو' ملاقات' انکساری' عاجزی' دیدار' زیارت
زائل	Zaeel	ع	دور ہونے والا' کم ہونے والا
زائرہ	Zaira	ع	زیارت کرنے والی' دیدار کرنے والی
زائن	zaen	ع	سنواری ہوئی عورت' آراستہ عورت
زائنہ	Zaina	ع	فیشن ایبل عورت' بنی سنوری عورت
زاہلہ	Zahla	ع	پرسکون دل والی' مطمئن دل والی
زائیدہ	Zaida	ف	پیدا کی ہوئی' تخلیق کی ہوئی
زاہمہ	Zahma	ع	نزدیک ہونے والی' قریب ہونے والی' پاس ہونے والی
زایدہ	Zaida	ع	حضرت عمر فاروقؓ کی ایک باندی کا نام حضرت زایدہؓ۔ جو بڑی نیک اور پارسا تھیں۔
زاولہ	Zawla	ع	نیت کرنا' ارادہ کرنا' قصد کرنا' کوشش کرنا

زاکنہ	Zakna	ع	ایک دوسرے کے قریب ہونا
زامہ	Zama	ع	حاجت' طلب' ضرورت
زاہدہ	Zahida	ع	پاکباز' پارسا' پرہیزگار عورت
زارا	Zara	لا	طلوع صبح' فجر
زارینہ	Zarina	ی	ملکہ' بادشاہ کی بیگم
زاوی	Zavi	ع	گوشہ' کونہ' ریزہ' ٹکڑا
زبدہ	Zubda	ع	برگزیدہ' منتخب' خلاصہ' مکھن' مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کی چوتھی بیٹی کا نام شہزادی زبدۃ النساء جو بڑی نیک اور پارسا تھی۔ شریعت کے احکامات پر سختی سے عمل کرتی تھی۔ دینی علوم میں خاص دسترس حاصل تھی۔
زبور	Zaboor	ا'ع	تحریر' کتاب' نوشتہ' حضرت داؤد پر نازل ہونے والی آسمانی کتاب
زبیری	Zubairi	ع	چنی ہوئی
زبیدی	Zubaidee	ع	منتخب' چنی ہوئی' برگزیدہ
زباء	Zuba	ع	بلند پشتے
زباد	Zabad	ع	ایک طرح کی خوشبو' جنگلی بلی
زباد	Zabad	ع	بلند پشتے' جس پر پانی کا سیلاب نہ پہنچ سکے
زبانہ	Zubana	ف	شعلہ' لو' آگ کی لپٹ
زبیب	Zabib	ع	خشک انگور
زبرج	Zabrij	ع	زینت' آرائش
زبرقان	Zaberqan	ع	چودھویں رات کا چاند

زبیدہ	Zubaida	ع	منتخب کی ہوئی، چنی ہوئی، پانچویں عباسی خلیفہ ہارون الرشید کی بیوی کا نام، مشہور نہر زبیدہ جو مکہ مکرمہ تک پانی پہنچانے کی غرض سے بنوائی گئی اسی ملکہ نے بنوائی تھی۔ اس نہر کی کل لمبائی 23 ہزار میٹر ہے۔ ملکہ زبیدہ کا انتقال عراق کے شہر بغداد میں ہوا تھا۔
زپورہ	Zapura	عبر	حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ صفورا کا عبرانی نام
زجاج	Zajaj	ع	آئینہ، شیشہ، لیمپ
زجاجہ	Zajaja	ع	آئینہ، شیشے، شیشے کی قندیل
زِحام	Ziham	ع	ہجوم، مجمع، جمگھٹا، بہتات، افراط، فراوانی
زخرف	Zakhraf	ع	ظاہری، چمک دمک، ظاہری آرائش، سونے کے نقش ونگار
زخار	Zukhar	ف	شور مچانے والا
زخار	Zakhar	ع	موجیں مارنے والا، بھرا ہوا، لبالب، چڑھا ہوا
زداہر	Zdahar	ع	کھلے ہوئے
زر	Zar	ع	زرساز
زرکش	Zarkash	ف	کلابتو بنانے والا، چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا
زرقا	Zarqa	ع	سبز و نیلی آنکھوں والی عورت، عرب کی ایک مشہور شاعرہ کا نام جو بڑی جرأت مند اور پارسا خاتون تھیں۔ زرقا کے والد کا نام عدی بن قیس تھا جو کہ قبیلہ ہمدان سے تھے۔ جنگ صفین میں حضرت علیؓ کی جانب سے شریک تھیں۔ ان کے پرجوش اشعار سن کر ان کا قبیلہ بڑی بے جگری سے لڑتا رہا۔
زریتہ	Zareta	ف	سنہری، سونے کی
زرینہ	Zarina	ف	گولڈن، سنہری، طلائی، سونے کی
زرفین	Zerfain	ف	دروازے کی زنجیر

نام	انگریزی	زبان	معنی
زرگل	Zergul	ف	پھول کے اندر کا سنہرا پیلا زیرہ
زرقم	Zerqam	ع	نیلا فلک نہایت گہرا نیلا آسمان
زرافشاں	Zerafshan	ف	سونا لٹانے والی چمکدار طلائی افشاں سنہری افشاں
زرنگار	Zernigar	ف	سنہرا کام طلائی کام سونے کا کام
زرنگاہ	Zarnigah	ف	وہ چیز جس پر سنہرا کام کیا ہوا
زرناب	Zernab	ف	خالص سونا
زریں	Zarin	ف	سنہری طلائی سونے کی
زرینہ	Zarmina	ف	رئیس عورت امیر عورت دولت مند عورت
زری	Zari	ف	سنہرا کام سونے کا کام
زرمین	Zermin	ف	رئیس دولت مند امیر مالدار
زرنین	Zernain	ف	دروازے کی کنڈی زنجیر
زرگونہ	Zergona	ف	سنہرے رنگ والی سنہری رنگت والی
زرادہ	Zerada	ع	سونے کو بنانے والی زرساز
زرنب	Zerneb	ع	زعفران خوشبودار دوا
زرق	Zerq	ع	نیلی آنکھیں صاف شفاف
زربفت	Zerbeft	ف	سونے چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا
زرباف	Zerbaf	ف	سونے چاندی کے تاروں سے بنا ہوا
زعما	Zama	ع	امرا سردار
زعیم	Zaeem	ع	کفیل ضامن
زعیم النساء	Zaeem-un-Nisa	ع	کفیل ضامن
زعیمہ	Zaima	ع	سردار پیشوا امیر رئیسہ
زعزہ	Zaaza	ع	تیز ہوا طوفان آندھی

زعفران	Zafran	ع	کیسر
زعفرہ	Zafra	ع	زعفران میں رچی بسی ہوئی
زفانہ	Zafana	ع	شعلہ بو
زغلہ	Zaghla	ع	غنچہ شگوفہ کلی
زکیہ	Zakia	ع	پاک صاف پاکیزہ نیک بھوپال کے وزیر اعظم منشی جمال الدین خان بہادر کی نیک سیرت سلیقہ شعار بیٹی کا نام زکیہ بیگم۔ ان کی شادی نواب سید صدیق حسن خان قنوجی سے ہوئی تھی۔
زکیاس	Zakias	عبر	پاک معصوم پاکیزہ
زلغہ	Zalgha	ع	خوشی
زلفہ	Zelfa	ع	حوض سچا
زلفہ	Zulfa	ع	نزدیکی قریبی مرتبہ درجہ رتبہ پاس
زلیخا	Zulaikha	ع ر	حسین وجمیل عورت خوبصورت عورت حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی والدہ کا نام جو اپنے وقت کی نہایت نیک پارسا اور دیندار خاتون تھیں۔ آپ کا مزار دہلی بھارت میں شیخ نجیب الدین متوکلؒ کے مزار کے نزدیک واقع ہے۔
زلمہ	Zalma	ع	ہموار کرنا نرم کرنا
زلقہ	Zalqa	ع	آئینہ شیشہ چکنی چٹان
زلفی	Zulfi	ع	بالوں کی لٹ
زلفین	Zulfain	ف	زنجیریں
زلفت	Zulfat	ع	دوستی نزدیکی قربت درجہ رتبہ مرتبہ
زُلال	Zulal	ع	میٹھا اور صاف وشفاف پانی
زلیبا	Zulaiba	ف	ایک مشہور مٹھائی جلیبی

زمزمہ	Zamza	ف	گیت
زمزمہ	Zamzama	ف	گیت' نغمہ' گانا
زمرد	Zamurd	ف	سبز رنگ کا قیمتی پتھر' سلطان صلاح الدین ایوبی کی بہن کا نام زمرد خاتون جو بڑی فیاض اور نیک طینت خاتون مشہور تھیں۔ علم سے گہرا شغف رکھتی تھیں۔ دمشق میں ایک عالی شان دینی مدرسہ تعمیر کروایا تھا۔
زمانہ	Zamana	ع	شعلہ
زمانی	Zamani	ف	زمانے سے تعلق رکھنے والی' زمانے والی
زمیلہ	Zamila	ع	ردیف' ہم پیشہ
زمانیہ	Zamania	ف	زمانے کی' زمانے سے تعلق رکھنے والی
زمرہ	Zumra	ع	جماعت' گروہ' پارٹی
زمردین	Zamurdin	ف	ہرا' سبز' زمرد جیسی رنگت
زنجیل	Zanjeel	ا' ع	سونٹھ' جنت کی ایک نہر کا نام
زنمہ	Zenma	ع	علامت' نشان
زنبق	Zanbeq	ع	بانسری' گل سوسن' چنبیلی کا تیل
زنبیل	Zanbeel	ع	جھول
زنبورہ	Zanbura	ف	چھوٹی توپ
زنیق	Zaniq	ع	مستحکم' استوار' مضبوط
زوفیہ	Zufia	ع	بوٹی' ایک قسم کا پودا
زویا	Zoya	ر	زندگی' حیات' عمر
زوقیہ	Zuqia	ع	ایک پودے کا نام
زورینہ	Zorina	ف	طاقت والی' زور آور' طاقتور' قوی

زونا	Zona	ع	دانشمند عورت، عقلمند عورت، دانا عورت، سجاوٹ، آرائش، زیب وزینت
زوناد	Zonad	ع	زینت، عقلمند عورت
زوقہ	Zoqa	ع	گھر کی آرائش وزیبائش کرنے والی، گھر کو سجانے والی، گھر کو زینت دینے والی
زواہر	Zawaher	ع	روشن، چمکدار، کھلے ہوئے پھول
زورین	Zorin	ف	زور آور، قوی، طاقتور
زوبیہ	Zobia	عبر	اللہ تعالیٰ کا تحفہ
زورید	Zaoraid	ع	بوٹی، ایک قسم کا پودا
زورید	Zorid	ع	ملاقات کرنے والی، مصمم ارادے والی، پختہ والی، دوری، فاصلہ
زورینا	Zorina	لا	صبح صادق، فجر
زورانا	Zorana	لا	فجر، فجر کا وقت
زورہ	Zora	ع	دوری، فاصلہ، ایک ملاقات
زہرا	Zohra	ع	پھول کی کلی، آرائش، چمک دمک، اردو کی ایک بہترین انشاء پرداز زہرا بیگم جو اپنے وقت کی مشہور مقررہ اور ادیبہ تھی۔ علامہ شبلی بھی زہرا بیگم کی علمی اور ادبی خدمات کے معترف تھے۔
زہارت	Zaharat	ع	روشن، منور، چمکدار
زہدہ	Zohda	ع	برگزیدہ
زہمہ	Zohma	ع	باز رکھنا، روکنا، منع کرنا
زہرہ جبین	Zohra Jabin	ع	چمکدار ماتھے والی، روشن پیشانی والی
زہانہ	Zahana	ف	شعلہ، لو

زہیدہ	Zahida	ع	صبر کرنے والی' صابر' قانع
زہرہ	Zohra	ع	کلی' شگوفہ
زہرہ	Zuhra	ع	ستارہ' ناہید' نظام شمسی کا سیارہ وینس
زہیرہ	Zahira	ع	چمکیلی' منور' تاباں' روشن
زہاد	Zahad	ع	زاہد کی جمع' پرہیز گار لوگ' عابد
زہادت	Zahadat	ع	پارسائی' پرہیز گاری
زیاد	Ziyad	ع	ایک قسم کی خوشبو' جنگلی' بلی' وہ کاغذ جس پر سونے کے ورق ریزہ ریزہ کر کے چھڑکے ہوتے ہیں اور جو تقریبات کے خطوط میں استعمال کیا جاتا ہے
زیان	Zayan	ع	خوبصورت' خوبصورت چاند
زیب النساء	Zaibun Nisa	ف	عورتوں کی خوبصورتی' حسین وجمیل' خوبصورت' مغل بادشاہ اورنگ زیب عالمگیر کی سب سے بڑی بیٹی کا نام شہزادی زیب النساء جو کہ عربی اور فارسی کے جملہ علوم وفنون پر فاضلانہ دسترس رکھتی تھی۔ شاعری اور علم و ادب کی دلدادہ تھی۔ اس کا انتقال دہلی میں ہوا اور وہیں پر دفن کی گئی۔
زیلہ	Zila	ع	جدا ہونا' الگ ہونا' پرے ہونا' متفرق ہونا
زیبادہ	Zibada	عبر	اللہ تعالیٰ کا تحفہ
زیبا طلعت	Zabatalat	اُف	خوبصورت شکل والا' حسین
زیب	Zaib	ف	زینت' خوبی' سجاوٹ' آرائش وزیبائش
زیبندہ	Zabandah	ف	زیب دینے والا
زینا	Zina	یو	مہمان نواز
زیبان	Ziban	ف	لائق' اہل' موزوں' مناسب' زیبا

نام	English	زبان	معنی
زین	Zain	ع	سجاوٹ' آرائش' زیبائش' خوبی' دمشق کی مشہور محدثہ اور عالمہ فاضلہ گزری ہیں۔ ساتویں صدی ہجری میں آپ کی خوب شہرت تھی۔ لوگوں کو دین کا درس بھی دیا کرتی تھیں۔ زین العربؒ کے نام سے شہرت پائی۔
زیتون	Zaitoon	ع	ایک پھلدار درخت کا نام
زیبا	Zeba	ع	زیب دینے والی' موزوں' خوشنما' لائق' اہل
زینب	Zainab	ع	فیاض' سخی' خوشبودار' لمبے ہاتھوں والی' حضور نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی سیدہ زینبؓ
زینت	Zeenat	ع	آراستہ و پیراستہ' زیب و زینت' آرائش' سجاوٹ' مغلیہ خاندان کے آخری بادشاہ سراج الدین بہادر شاہ ظفر کی سب سے چہیتی بیگم کا نام ملکہ زینت محل۔ اس کا مزار برما کے شہر رنگون میں بہادر شاہ ظفر کے مزار کے قریب واقع ہے۔
زینہ	Zaina	ع	سجاوٹ کرنے والی' آرائش کرنے والی' زینت دینے والی
زینیا	Zinia	ی	ایک پھول کا نام
زیبائی	Zibai	ف	خوشنمائی' خوبی' اہلیت' قابلیت
زیورہ	Zaiwara	عبر	حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ صفورہ کا عبرانی نام

ژ

ژالہ	Zhala	ف	اولہ، برف، شبنم
ژرفا	Zharfa	ف	گہری، عمیق، اتھاہ
ژندہ	Zhanda	ف	عبادت گزار، بزرگ، قلندر، مست
ژندگی	Zhandgy	اَف	پرانا پن، شکستگی، قدامت
ژویدہ	Zhawida	ف	سیماب، پارہ
ژولہ	Zhuwala	ف	برفیلی، ٹھنڈی
ژیلہ	Zheela	ف	پاکیزہ
ژیوہ	Zhawa	ف	پارہ، سیماب
ژیالہ	Zhiala	ف	آگ بگولہ، غصیلی

س

نام	Name	زبان	معنی
سابقہ	Sabiqa	ع	پچھلا' گذشتہ
ساتر	Satar	ع	چھپانے والا' پردہ ڈالنے والا
سارا	Sara	عبر	بادشاہ کی بیٹی' شہزادی' حضرت اسحٰق علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ تھیں
سارہ	Sara	عبر	شہزادی' حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا نام جو حضرت اسحٰق علیہ السلام کی والدہ تھیں۔
سادنہ	Sadna	ع	ملاقات کرنے والی
سادِرہ	Sadira	ف	حیرت زدہ' متحیر' نڈر' بے باک' حیران
ساونت	Sawnat	ہ	بہادر' دلیر جواں مرد' شجاع
سائرہ	Saira	ع	پھرنے والی' گھومنے والی
ساجدہ	Sajida	ع	عبادت گزار' سجدہ کرنے والی
سامی	Sami	ع	اونچا' بلند' سام کی نسل کے لوگ مثلاً یہودی' عرب وغیرہ
سامیہ	Samia	ع	اونچی' بلند و بالا' عالی
سانک	Sanik	اُہ	شاخ' ٹہنی' (مذکر) برچھا' نیزہ بھالا
ساریہ	Saria	ع	بادل' ابر' رات کو آنے والا
ساجیہ	Sajia	ع	مس کرنے والی' چھونے والی
ساریتا	Sarita	عبر	شہزادی' بادشاہ کی بیٹی
ساطع	Sata	ع	اونچا' بلند' چمکتا ہوا
ساطلہ	Satla	ع	اونچا' غبار' قصہ گو
سائمہ	Saima	ع	سیر کرنے والی

سامرہ	Samra	ف	داستان گو' قصہ گو
ساحبہ	Sahba	ع	تیز بارش
ساحرہ	Sahra	ع	عقلمند' جادوگر' عاشق ہونے والی' فریفتہ
ساخابہ	Sakhaba	ف	جھیل' خلیج
ساحیہ	Sahia	ع	تیز بارش' سیلابی بارش' موسلا دھار بارش
سالغہ	Salgha	ع	کسی سے برابری کرنا
سالمہ	Salma	ع	سمجھوتہ کرنا' صلح کرنا' مصالحت کرنا
ساجلہ	Sajla	ع	شعر گوئی میں مقابلہ کرنے والی
سارینا	Sarina	عبر	شہزادی' بادشاہ کی بیٹی
سائلہ	Saila	ع	امیدوار' سوال کرنے والی ،
سارہ	Sara	ف	حجاب' پردہ
سافرہ	Safra	ع	سفر کرنے والی
سافر	Safir	ع	مسافر' لکھنے والا' عورت جس کا چہرہ کھلا ہوا ہو' رسول صلح کرنے والا' رستم پہلوان کے دادا کا نام
سامتہ	Samta	ع	سامنے ہونا' مقابل ہونا
سابلہ	Sabla	ع	راستہ' گزرگاہ
ساجع	Saja	ع	مقفی کلام بولنے والا' خوشنما چہرہ
ساجعہ	Sajia	ع	درمیانی چال چلن والی' میانہ رفتار چلنے والی
ساہر	Sahir	ع	بیدار' بیداری کی رات
ساہرم	Sahram	ع	سیر کرنے والی
ساہرہ	Sahra	ع	بیدار' خبردار' ہوشیار' چوکنا' جاگی ہوئی
ساء	Saa	ع	ایک باریک ستارے کا نام
سائقہ	Saiqa	ع	پیچھے سے چلانے والی' عقب سے اچلانے والی

سائرم	Sairem	ع	پھرنے والی گھومنے والی
سادیہ	Sadia	عبر	شہزادی بادشاہ کی بیٹی
ساشا	Sasha	یو	حمایتی معاون مددگار
ساجی	Saji	ع	ہاتھ لگانا مس کرنا چھونا
سامنہ	Samna	ع	مقابل ہونا
سامعہ	Samia	ع	سننے کی طاقت قوت سماعت
ساخرہ	Sakhra	ع	دل میں گھر کرنے والی دل موہ لینے والی
ساربہ	Sarba	ع	واضح عیاں آشکارہ صاف ظاہر
ساحنہ	Sahna	ع	اخلاق سے پیش آنا نیک سلوک کرنا اچھا برتاؤ کرنا گفتگو کرنا ملاقات کرنا بات چیت کرنا
ساعت	Saat	ا ع	لمحہ گھڑی منٹ پل
ساعفہ	Saifa	ع	مدد کرنا مددگار حاجت پوری کرنا ضرورت پوری کرنا
ساعی	Saee	ع	کوشش کرنے والا دائم باقی قائم
سائفہ	Saifa	ف	تلوار بند
ساعقہ	Saieqa	ع	مددگار
سامہ	Sama	ع	عہد وعدہ پیمان قول قرار
سالفہ	Salfa	ع	کسی سے برابری کرنا
ساعدہ	Saida	ع	شیر
سالکہ	Salka	ع	عبادت گزار سیدھی راہ پر چلنے والی
سبا	Saba	ع	ملکہ بلقیس کے شہر کا نام
سباخانہ	Saba Khana	ف	جھیل
سبجا	Subja	ع	کالی ملی

سبیلہ	Sabila	ع	طریقہ،صاف راستہ،واضح راہ،امام حسینؓ کی زوجہ مطہرہ بی بی شہر بانو کا لقب مبارک۔
سبحان	Subhan	ہ،ع	عالم،دانا،دانش مند
سبحہ	Subha	ع	کالی چادر،کالی کملی
سبقت	Sabqat	ع	اول ہونا،آگے ہونا،بڑھ جانا
سباہ	Subah	ع	دور دراز کا سفر
سبطانہ	Subtana	ف	بندوق،رائفل،تفنگ
سبوہا	Sabuha	ف	گھڑا،برتن
سبحہ	Subha	ع	ہار،کینٹھی،مالا،تسبیح
سبیل	Sabil	عبر	نیک عورت،پاکباز عورت،برگزیدہ عورت
سبات	Subat	ع	عہد،دور،وقت،زمانہ،سونا،نیند
سبلہ	Subla	ع	چارہ،سبیل،طریقہ،راہ،راستہ
سبزینہ	Sabzina	ف	محبوب،پیارا
سبینا	Sabina	ع	کٹاری،چھوٹی تلوار
سبرینا	Sabrina	ا۔س	شہزادی،بادشاہ کی بیٹی
سبرینہ	Sabreena	ف	معشوقہ،محبوبہ
سبزہ	Sabza	ف	ہریالی،روئیدگی
سبین	Sabin	لا	قبیلہ سبین کی عورت
سباحت	Sabahat	ف	پیراکی،تیرنا
سبیتا	Subita	ہ	اطمینان،تسلی،فرصت،فراغت
سبتہ	Sabta	ع	سات
سبزپری	Sabz Pari	ف	بہار کا موسم،فصل ربیع

نام	Name	زبان	معنی
سبز بخت	Sabz Bakht	ف	خوش قسمت' نیک بخت' خوش نصیب
سپاس	Sapass	اُف	محسن کی تعریف' اظہار احسان مندی' شکریہ
سپنا	Sapna	ہ	خواب
ستلہ	Sitla	ع	فرمان
ستلہ	Sitla	ع	تعمیل کرنا' اطاعت کرنا' پیروی کرنا
سپید بخت	Spaid Bakht	ف	نیک بخت' خوش قسمت' خوش نصیب
ستارہ	Sitara	ف	تارا' انجم' اختر' مشہور مسلمان عالم اور طبیب بوعلی سینا کی والدہ کا نام ستارہ جو بذات خود عالمہ اور عارفہ تھیں اور دینی علوم سے گہرا شغف رکھتی تھیں۔
ستیا	Satya	ار	طاقت' قوت
ستیزہ	Sateeza	ف	جنگ وجدل
سجبہ	Sijba	ع	کالی چادر
سجد	Sujad	ع	تسبیح' ہار' مالا
سجیلہ	Sajila	ع	زیبائش کی ہوئی' آراستہ وپیراستہ' سجی ہوئی
سجیہ	Sajia	ع	خصلت' سرشت' عادت' طبیعت
سجاح	Sajah	ع	ایک عورت کا نام جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا جھوٹ میں ضرب المثل
سجاع	Saja	ع	مقفی کلام بولنے والا' خوشنما چہرہ' اپنی آواز سے مست کر دینے والی اونٹنی
سجافہ	Sajafa	ع	پردہ' حجاب
سجاف	Sajaf	ع	حاشیہ

سجل	Sajil	ہ	ٹھیک، اچھا، بہتر، معقول، نفیس، اعلیٰ
سجل	Sajal	ع	حکم نامہ، پروانہ
سچل	Sachal	ا، ہ	اصلی، ٹھیک، درست
سچمے	Sachme	ت	پسندیدہ، دل کو بھانے والی
سحر	Sehr	ع	نور کا تڑکا، فجر، صبح
سحن	Sehn	ف	چنبیلی
سحرش	Sehresh	ف	سحر زدہ، مسحور کن، جادو بھری
سحرہ	Sahra	ع	فریفتہ ہونا، عاشق ہونا، منتر کرنا، جادو کرنا
سحر	Sahr	ع	قلب، دل
سحاب	Sahab	ع	بادل، ابر
سحات	Sohat	ع	راحت آرام، نیند، سر میں نیند کی گہرائی اور خمار، زمانہ، سو جانا،
سحاح	Sahah	ع	بکھیرنے والا
سحل	Sahal	ع	سفید کپڑا، چاندی کی پرکھ
سحیقہ	Sahiqa	ع	موسلا دھار بارش، تیز بارش، شدید بارش
سحابہ	Sahaba	ع	بادل کا ٹکڑا
سحوح	Sahoh	ع	بادل جو برس رہا ہو
سحور	Sahur	ع	سحر کا وقت، صبح صادق سے پہلے کا وقت
سخاوت	Sakhawat	ا، ع	فیاضی، بخشش، خیرات
سخلہ	Sakhla	ع	صاف کرنا، پاک کرنا
سخرہ	Sakhra	ع	فرمانبردار، اطاعت گزار، مطیع، تابعدار
سخرہ	Sakhra	ع	لوگوں کو ہنسی میں اڑانے والی
سخران	Sukhran	ع	فرمانبردار لوگ، تابعدار لوگ، مطیع لوگ
سخرانی	Sakhrani	ع	فرمانبردار لوگ

سخیہ	Sakhia	ع	سخاوت کرنے والی' سخی' فیاض
سداد	Sadad	ع	گفتار و کردار کی راستی و درستی' سلامت روی
سدافہ	Sadafa	ع	حجاب' پردہ
سدید	Sadeed	ع	درست' راست' محکم
سدیل	Sadeel	ع	دلہن کے کمرہ کا پردہ' ڈولے وغیرہ
سدیلہ	Sadila	ع	پالکی کا پردہ' لمبے بال' دراز گیسو
سدف	Sadaf	ع	روشنی' تاریکی
سدفہ	Dadfa	ع	اجالا' روشنی' دروازہ' چانن
سدیمہ	Sadima	ع	ذاکرہ' بہت ذکر نے والی
سدوس	Sadoos	ع	سبز چادر' ہری چادر
سدرہ	Sidra	ع	بیری کا درخت
سدرت	Sidrat	ع	انتہا' اخیر' ایک درخت
سدنہ	Sadna	ع	دربان' نگہبان' نگران
سداب	Sudab	ع	ایک خوشبودار گھاس
سرعیہ	Suraia	ع	بہت ذکر کرنے والی
سری	Sari	ف	سرداری' ترکی کی ایک مشہور شاعرہ کا نام سری خانم جو دیار بکر کی رہنے والی تھی۔ تمام سلطنت عثمانیہ میں اس کا کلام بہت زیادہ پڑھا اور سنا جاتا تھا
سریسہ	Sarisa	ع	نگہبان' حفاظت کرنے والی' دانشمند' عقلمند' دانا
سریمہ	Sareema	ع	ذاکرہ' بہت ذکر کرنے والی
سرحان	Sirhan	ع	شیر' دل' سینہ' قلب
سرحانہ	Sarhana	ع	شیرنی
سرود	Sarood	ف	نغمہ' گیت' خوشی' شادمانی' مسرت

سرہ	Sarah	ع	اعلیٰ' عمدہ' خالص' نفیس
سرور	Serwer	ع	رہنمائی' بزرگی' پیشوائی' سرداری' رہبری
سروری	Serweri	ع	بزرگی' رہبری' سرداری' پیشوائی' رہنمائی
سریحہ	Sariha	ع	تنگ راستہ' دشوار راستہ
سربہ	Serba	ع	قریب کا سفر' نزدیک کا سفر
سربعہ	Sarba	ع	فوری اثر کرنے والی
سرفراز	Serfaraz	ف	اونچا' سربلند
سرہ	Sarah	ع	گلدستہ' پھولوں کا گچھا
سریعہ	Saria	ع	جلد اثر کرنے والی' فوری اثر کرنے والی
سروش	Serosh	ف	خوشخبری لانے والا فرشتہ' غیبی آواز
سرتاج	Sertaj	ف	سر کا تاج' آقا' مالک
سریکھا	Sarikha	ا	مانند' مثل' مشابہ' نظیر
سریتا	Sarita	ہ	عقلمند' دانشمند' ہوشیار' خبردار' چوکنا
سرینا	Sarina	لا	مطمئن' پرسکون
سروج	Saroj	ہ	کنول کا پھول
سراج النساء	Saraj-un-Nisa	ع	عورتوں کا سورج
سراط	Sarat	ع	تیز کاٹنے والی تلوار' تیز شمشیر
سراع	Sarah	ع	جلدی کرنے والے' دوڑنے والے
سرافہ	Sarafa	ع	پردہ' حجاب
سرافینا	Sarafina	لا	مطمئن' پرسکون
سریرہ	Sarira	ع	راز' بھید
سریر	Sarir	ع	ملک' تخت' مسند

سرمدی	Sermedi	ف	دائمی، ابدی، ہمیشہ
سزیدہ	Sazida	ف	اہل، قابل، لائق، موزوں
سطوت	Satwet	ع	رعب، دبدبہ
سطوت النساء	Satwat-un-Nisa	ع	عورت کا رعب
سعادت	Saadet	ع	خوش بختی، خوش نصیبی، مبارک، خوش قسمتی
سعادت النساء	Saadatunnisa	ع	عورتوں کی نیک
سعیرہ	Saira	ع	بھڑکتی ہوئی آگ
سعی	Saee	ا ع	کوشش، جدوجہد، محنت
سعودہ	Saooda	ع	سعادت مند، خوش قسمت، مبارک، نیک، سعید، بھلی
سعدیہ	Sadia	ع	سعادت مند، نیک، مبارک، حضور نبی کریم ﷺ کی رضائی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ۔
سعیر	Saeer	ع	شعلہ، آگ
سعیدہ	Saeeda	ع	مبارک، خوش بخت، خوش قسمت
سعتر	Saater	ع	ایک گھاس کا نام
سعاذ	Suad	ع	عربی شعراء کی محبوبہ
سفری	Safri	ف	سفر کی چیز، امرود، اپنے وقت کی مشہور عالمہ فاضلہ اور محدثہ سفریؒ جو قاضی یعقوب بن سلیمانؒ کی بیٹی تھیں۔ چھٹی صدی ہجری میں آپ کی خوب شہرت تھی۔
سفینہ	Safeena	ع	تختہ، چبوترہ
سفینہ	Safina	ع	کشتی، ناؤ، جہاز، بیڑی
سفیرہ	Safira	ع	ایلچی، قاصد، پیامبر

نام	Name		معنی
سفالینہ	Safalina	ف	مٹی کا برتن
سغبہ	Sughba	ع	عاشق، فریفتہ
سغد	Sughid	ع	بوندا باندی، ہلکی بارش
سفانہ	Safana	ع	قبیلہ بنی طے کے حاتم کی بیٹی کا نام جس نے غزوۂ طائف کے بعد اسلام قبول کیا تھا۔
